سوال

(790) داڑھی کے بارے میں اسلام میں کیا حکم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

داڑھی کے بارے میں اسلام میں کیا حکم ہے اس کا کٹوانا اور منڈھوانا کس حد تک جائز ہے اس کے نہ رکھنے سے گناہ تو نہیں ہوتا ۔ اور اگر کوئی مجبوری کے تحت داڑھی نہ رکھ سکے تو اسے کیا کرنا چاہیے ۔ اور یہ کہ داڑھی کی لمبائی یعنی سائز کتنا ہونا چاہیے ؟ عثمان غنی لاہور

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مٹھی والی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں داڑھی کٹوانا منڈوانا کاٹنا اور مونڈنا جرم اورگناہ ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعفاء ، ارخاء اور توفیر لحیہ کا حکم دیا ہے اور وجوب سے ندب کی طرف پھیرنے والا کوئی قرینہ نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص518

محدث فتویٰ